**23/06/2026**

**07.40 / PM**

**<u>ہیڈ لائنز</u>**

***.......صدر جمہوریہ کے ہاتھوں دوسرے مرحلے کے تحت2026 کے پدم اعزازات تفویض // ایوارڈ یافتگان میں جمونو کشمیر کے برج لال بٹ بھی شامل۔**

***....... وزیر اعظم نے افسروں کو اپنی تازہ دم سوچ اور جوش و خروش سے وِکست بھارت2047 کا خواب پورا کرنے میں اپنا رول ادا کرنے کی دی صلاح۔**

***....... قومی ای خدمات کی فراہمی میں جمونو کشمیر اول نمبرپر// لیفٹنٹ گورنر نے SKICC میں سیوا سے سمردھی ورکشاپ سے کیا خطاب۔**

**اور**

***....... رابطہ پروجیکٹوں کی پورے معیار کے ساتھ بروقت تکمیل یقینی بنانے پر وزیر اعلیٰ کا زور۔**

**صدر جمہوریہ**

**صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے آج شام راشٹر پتی بھون نئی دلی میں دوسرے مرحلے کے تحت سال2026کے پدم اعزازات تفویض کئے۔**

**آج کی تقریب میں مجموعی طور پر65 پدم اعزازات تقسیم کئے گئے جن میں2پدم وِبھوشن، 7پدم بھوشن اور56پدم شری اعزازات شامل ہے۔ اس بار یہ ایوارڈ پانے والوں میں جمونو کشمیر سے تعلق رکھنے والے برج لال بٹ بھی شامل ہیں، جنہیں یہ ایوارڈسماجی خدمات کی انجام دہی کے صلے میں دیا گیا۔**

**اس موقعے پر صدر جمہوریہ نے پدم اعزازات حاصل کرنے والے سبھی معزز شخصیات کو مبارکباد پیش کر تے ہوئے ان کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ دروپدی مرمو نے انہیں اپنے اپنے شعبوں میں بہتر سے بہتر کام جا ری رکھنے کی صلاح دی۔**

**شاما پرساد**

**نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اور وزیر اعظم نر یندر مو دی نے ڈاکٹر شاما پرساد مکھرجی کوان کے شہیدی دوس پر خراج عقیدت پیش کر تے ہوئے انہیں ایک نامور ماہر تعلیم، مجاہد آزادی اور دور اندیش رہنما قرار دیا ہے۔**

پی ایم نے ایک سو شل میڈیا پوسٹ مینکہا کہ ڈاکٹر شاما پرساد مکھرجی کی قربانی ہماری اجتماعی یاداشت میں محفوظ ہے اور ہم ان کے خوابوں کا بھارت تعمیر کرنے کےلئے پُر عزم ہیں۔

وزیر داخلہ امت شاہ نے بھی ڈاکٹر شاما پرساد مکھرجی کو ان کی برسی پر خراج عقیدت ادا کر تے ہوئے کہاہے کہ دفعہ370 کی منسوخی سے ان کے نظریے کی تکمیل ہوئی ہے۔

نئی دلی میں آنجہانی کی برسی کے تعلق سے منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کر تے ہوئے امت شاہ نے کہا کہ ڈاکٹر شاما پرساد مکھرجی نے ملک کے اتحاد اور سالمیت کی خاطر اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔

**BJP**

ادھر پردیش بی جے پی کی طرف سے بھی ڈاکٹر شاما پرساد مکھرجی کی خدمات کو یاد کر تے ہوئے انہیں شاندار خراج عقیدت ادا کیا گیا۔

اس سلسلے میں ٹائیگور ہال سرینگر میں منعقدہ ایک تقریب پر پردیش بی جے پی صدر ست شرما، قومی جنرل سیکریٹری ترن چُگ اور جمونو کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے آنجہانی کو شاندار خراج عقیدت ادا کیا۔

آنجہانی کے بلیدان دیوس کے سلسلے میں بی جے پی کی طرف سے جموں اور کشمیر دونوں خطوں میں کئی مقامات پر پروگرام منعقد کئے گئے۔

**PM**

وزیر اعظم نریندر مو دی نے افسران پر زوردیا ہے کہ وہ اپنی تازہ دم سوچ اور جوش و خروش سے وِکست بھارت2047 کے خواب کو پورا کرنے میں اپنا کر دار ادا کریں۔

افسران کے ساتھ کے دوران وزیر اعظم نے ان افسران پر IAS آج2024 بیچ کے183زیر تربیت زور دیا کہ وہ اپنے آپ کو قوم کی تعمیر کےلئے وقف کر تے ہوئے اختراع اور لوگوں پر مرکوز گورننس کے حکومت کے نظریے کو تقویت بخشیں۔

**------ ً PM----**

حکمرانی میں ڈیجیٹل گورننس، آرٹفیشل انٹیلی جنس اور ٹیکنالوجی کے رول کو اُجاگر کر تے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ گزشتہ ایک دہائی کے دوران بھارت میں گورننس نظام میں انقلابی تبدیلیاں ہوئی ہیں۔

ان افسران نے فیلڈ ٹریننگ اور مختلف وزارتوں کے ساتھ منسلک رہنے سے متعلق اپنے تجربات بیان کئے۔

**بِرکس اجلاس**

بھارت نے امریکہ اور ایران کے درمیان طے پائی مفاہمتی یاداشت کا خیر مقدم کیا ہے ۔

نئی دلی میں برکس ممالک کے قومی سلامتی کے مشیروں کے 16ویں اجلاس سے خطاب کر تے ہوئے قومی سلامتی کے مشیر اجیت دووال نے آبنائے حرمز کے کھلنے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ اس سے سپلائی چین میں حائل رُکاوٹیں دور ہونگی۔

**------Ajeet Doval-----**

**خام تیل**

اسی دوران امریکہ اور ایران کے درمیان سویزر لینڈر میں ہوئے مذاکرات کے بعد خام تیل کی عالمی قیمتوں میں آج نمایاں کمی دیکھی گئی۔

رسد میں ممکنہ رُکاوٹوں کے خدشات کم ہونے اور ایران سے تیل کی بر آمدات میں اضافے کی اُمید پیدا ہونے کے باعث خام تیل کی قیمتیں تین فیصد تک گر گئی۔

**LG**

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی سربراہی میں جموں کشمیر میں گورننس کا نظام گزشتہ چند برسوں کے دوران انقلابی تبدیلیوں سے گذرا ہے۔

سرینگر میں پنچایتی راج وزارت اور جمونوکشمیر انتظامیہ کے باہمی اشتراک سے SKICC منعقدہ ورکشاپ " سیوا سے سمردھی" سے خطاب کر تے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ سال2020 میں محض35خدمات آن لائن دستیاب تھیں جبکہ2023میں ان کی تعداد 11سو تک پہنچ گئی اور اس طرح سے جمونو کشمیر نے نیشنل ای سروس ڈیلوری رینکنگ میں پہلا نمبر حاصل کیا۔

لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ" بلاک دیوس" اور "Back To Village" جیسی مہمات سے انتظامیہ عام لوگوں کی دہلیز پر پہنچ گئی ۔

**----LG---**

**منوج سنہا**

اسی دوران لیفٹنٹ گورنر نے آج سرینگر میں ایک اعلیٰ سطح میٹنگ کے دوران محرم تقریبات کے علاوہ شری امر نا تھ جی یاترا کے احسن انعقاد کے سلسلے میں تیاریوں اور انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔

انہوننے عوام کےلئے ان تقریبات کے پیش نظر تمام ضروری سہولیات کی دستیابی یقینی بنانے کے علاوہ امن و قانون کی صورتحال بنائے رکھنے پر زور دیا۔

منوج سنہا نے دونوں مذہبی تقریبات کے سلسلے میں ٹریفک منیجمنٹ کےلئے ایک جامع لائحہ عمل اختیار کرنے کی بھی تاکید کی اور تمام متعلقہ محکموں کے درمیان قریبی تال میل کی ضرورت اُجاگر کی ۔

قائمہ کمیٹی

خارجی امور سے متعلق، رکن پارلیمان ششی تھرور کی سربراہی والی پارلیمانی قائمہ کمیٹی سرحدی سلامتی اور خارجہ پالیسی سے متعلق اہم امور کا جائزہ لینے کےلئے جمونو کشمیر اور لداخ کے دورے پر ہے۔

یہ کمیٹی 25جون تک سرینگر، جموں، کر گل اور لداخ کا دورہ کرے گی تاکہ ان خطوں میں سرحدی انتظامات اور سلامتی صورتحال کا برسر موقع جائزہ لیا جا سکے۔

یہ کمیٹی بھارت کے دوطرفہ تعلقات میں حالیہ پیش رفت، سندھ طاس آبی معاہدے کی معطلی اور حد متارکہ نیز  بین الاقوامی سرحد کے متصل سرحد پار سے دہشت گردی کے خطرات کا بھی جائزہ لے رہی ہے۔ کمیٹی کی توجہ بھارت۔ چین تعلقات اور مشرقی لداخ میں حقیقی کنٹرول لائن کی صورتحال پر بھی مرکوز ہے۔

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جمونو کشمیر کے دیہی علاقونمیں رابطہ پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل یقینی بنانے کی غرض سے متعلقہ محکموں کو ان پروجیکٹوں کی تعمیر میں حائل رُکاوٹوں کو فوری طور پر دور کرنے کی ہدایت دی ہے۔

وہ آج اعلیٰ افسروں کی ایک میٹنگ میں پر دھان منتری گرامین سڑک یوجنا اور رابطے کے دوسرے پروجیکٹوں پر کام کی پیش رفت کا جائزہ لے رہے تھے۔

وزیر اعلیٰ نے متعلقہ محکموں نیز عمل آوری ایجنسیوں کو ترقیاتی پروجیکٹوں کا کام پورے معیار کے ساتھ مکمل کرنے کی تاکید کی۔

سکینہ ایتو

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے طلباءکی بہبود کو حکومت کی اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے کالجوں کو طالب علموں کےلئے قابل رسائی بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

جمونو کشمیر کے کالجوں میں جا ری داخلہ عمل کا جائزہ لینے کی غرض سے ایک میٹنگ کی صدارت کر تے ہوئے سکینہ ایتو نے محکمہ اعلیٰ تعلیم کو ہدایت دی کہ وہ کالجوں میں زیادہ سے زیاد ہ شاگردوں کاانداراج یقینی بنانے کےلئے گونا گوں کورسز متعارف کرنے کے علاوہ تیکنیکی اہمیت کے حامل مضامین پڑھانے پر توجہ دیں۔

کمیٹی

جمونو کشمیر قانون ساز اسمبلی کی عرضداشتوں سے متعلق کمیٹی کی ایک میٹنگ چیرمین اور ممبر اسمبلی فاروق احمد شاہ کی صدارت میں منعقد ہوئی۔

کمیٹی نے2عرضداشتوں پر تفصیلی بحث و تمحیص کے بعد متعلقہ محکموں کو اس سلسلے میں تمام تر ریکارڈ دستیاب کرانے کے احکامات صادر کئے۔

**بریک**

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

**حج**

جموں کشمیر سٹیٹ حج کمیٹی کی ایک اطلاع کے مطابق حج2027کا نوٹیفکیشن جا ری کیا گیا ہے۔ خواہشمند عازمین20جولائی تک آن لائن درخواست فارم جمع کرسکتے ہیں ۔

پر دستیاب ہیں ۔ اس بارے میں جمونوکشمیر سٹیٹ حج www.hajjcommittee.gov.in یہ فارم کمیٹی کے ایگزیکٹیو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کر تے ہوئے کہا۔

------Dr.Shujat------

**محرم الحرام**

آج محرم الحرام کی 7 تاریخ ہے ۔ اس سلسلے میں آج وادی بھر کے امام بارگاہوں ، مساجد اور خانقاہوں میں حسینی مجالس کا اہتمام ہو رہا ہے ۔ کئی علاقوں میں عزاداری کے جلوس بھی بر آمد کئے جا رہے ہیں ۔

حسینی مجالس مینعقیدت مند مرثیہ خوانی اور نوحہ خوانی کر کے امام حسینؑ اور شہدائے کربلا کو خراج عقیدت پیش کررہے ہیں۔

-----Nowha------

اس دوران ریاضت ٹینگ خانیار میں یوم عاشورہ کی مناسبت سے منعقدہ ایک پُر وقار تقریب میں عاشقانِ اہل بیت رسول ﷺ کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔

ادھر کئی مقامات پر رضا کاروں کی جانب سے سبیلیں لگائی گئی ہیں جہاں سے راہگیروں کو پانی اور دیگر مشروبات پلایا جا رہا ہے۔

**سکمز**

شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز سرینگر نے خون کے جدید ترین علاج سے متعلق ایک اہم سنگ میل حاصل کیا ہے۔

کے مہلک مرض میں مبتلا ایک Hemophagocytic Lymphohistiocytosis ادارے میں
کیا گیا۔Hematopioetic Stem Cell Transplantation مریض کا کامیاب

کو مبارکباد پیش کر تے ہوئے ڈائریکٹر سکمز Hematology اس پیش رفت پر شعبہ کلنیکل
عشرت سے بات کرتے ہوئے کہا۔N.Aپروفیسر، ڈاکٹر محمد اشرف گنائی نے ہمارے نمائندے

----Director Skims----

مریض کے والد نے اس کامیاب ٹرانسپلانٹیشن کے بارے میں اطمینان کا اظہار کر تے ہوئے
------Patientاپنے جذبات کا اظہار کچھ یوں کیا۔ ------

انتقال

سُہیل احمد بٹ کے والدِ نسبتی شیخ Editorial Executive آکاشوانی نیوز سرینگرسے وابستہ
عبدالمجید آج دوپہر انتقال کر گئے۔ وہ وادی کے معروف پلاسٹک سرجن ڈاکٹر شیخ طارق کے
والد تھے۔

شعبہ خبر کے سربراہ اشفاق احمد شاہ کی صدارت میں آج ایک تعزیتی میٹنگ منعقد ہوئی جس
میں سہیل احمد بٹ کے ساتھ تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی جنت نشینی کیلئے دعا کی
گئی۔

لواحقین کے مطابق تعزیت 3دن یعنی 25جون تک اُنکی رہائش گاہ واقعہ حمزہ کالونی، لین نمبر3،
لال بازار میں جاری رہے گی۔ اجتماعی فاتحہ خوانی جمعرات 25جون کو صُبح ساڈھے نو بجے
اُنکے آبائی مقبرے پر انجام دی جائے گی۔

NC

نیشنل کانفرنس کے صوبائی صدر کشمیر ایڈوکیٹ شوکت احمدمیر نے کہا ہے کہ نیشنل کانفرنس
سرکار عوام کی بے لوث خدمت جا ری رکھے گی۔

سرینگر میں پارٹی ہیڈ کواٹر پر منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ عمر
عبداللہ کی عوام دوست حکمرانی سے ہمارے مخالفین بوکھلاہٹ کا شکار ہوئے ہیں۔

ویشنو دیوی

شری ماتا ویشنو دیوی یاترا نے رواں سال کے دوران ایک اہم سنگ میل طے کیا ہے،
جہاں22جون تک ماتا کے درشن پر آنے والے شردھالوؤں کی تعداد نے 50لاکھ کا ہندسہ پار کر
لیا ۔

اس سلسلے میں ویشنو دیوی شرائن بورڈ کی جانب سے جاری کر دہ ہے ریلیز کے مطابق آج
تک ما تا ویشنو دیوی کی یاترا پر آنے والوں کی اصل تعداد50لاکھ 70ہزار تک پہنچ گئی ہے۔

عرس

خانصاحب بڈگام میں سید صالح خانصاحب ؒ کا تین روزہ عرس آج اختتام پذیر ہوا۔

عرس کے آخری روز ہزاروں عقیدت مندوں نے ان کی درگاہ پر حاضری دے کر درود و ازکار اور ختمات المعظمات کی مجالس میں حصہ لیا۔

مشاعرہ

ولر کلچرل فورم کی جانب سے گورنمنٹ ہائر سکنڈری سکول مدون میں آج ایک محفل مشاعرہ کا انعقاد ہوا۔

مشاعرے میں علاقے کے درجنوں شعراءنے شرکت کرکے سامعین کو اپنے کلام سے محظوظ کیا۔

نشہ مکت

جمونو کشمیر کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کےلئے100دنوں پر مشتمل نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شدو مد سے جا ری ہیں۔ منشیات کے خلاف ایل جی کا پیغام۔

------LG------

اس بدعت پر قابو پانے کےلئے درکار اقدامات اور لوگوں کی ذمہ داریوں کے تعلق سے ایک سینئر لیکچرر گلزار احمد راتھر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

-----Gulzar Ah------

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت29 اعشاریہ5ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت14 اعشاریہ4ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت23.2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔